# پریس ریلیز

اسلام آباد:۔جولائی 11، 2018: سید طلعت محمود، صدر زرعی ترقیاتی بینک نے دیامر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کی تعمیر کیلئے قائم فنڈ میں ZTBL کے تمام ملازمین کی ایک دن کی تنخواہ دینے کا اعلان کیا ہے۔اس سے قبل قابلِ احترام سپریم کورٹ کے حکم اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق دیامر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کی تعمیر کیلئے فنڈ اکٹھا کرنے کی غرض سے زرعی بینک کی ملک بھر میں قائم تمام برانچوں میں "دیامر بھاشا اور مہمند ڈیم فنڈ۔2018 " کے عنوان سے اکاؤنٹ کھول دیئے گئے ہیں تاکہ ملک بھر سے عطیات اکٹھے کیئے جاسکیں یہ عطیات بصورتِ رقوم، چیک،انعامی بانڈز وغیرہ زرعی بینک کی تمام برانچوں میں جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

صدر زرعی ترقیاتی بینک نے تمام بینک ملازمین سے درخواست کی ہے کہ وہ دل کھول کر ان آبی منصوبوں کیلئے قائم کردہ فنڈ میں عطیات جمع کروائیں اور اپنے حلقہء احباب میں مخیّر حضرات کی توجہ اس جانب مبذول کروائیں کیونکہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہماری معیشت کا انحصار آبی ذرائع پر ہے اس لئے اس عظیم کاذ کیلئے ہمیں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیئے کیونکہ پاکستان ہے تو ہم سب ہیں۔

سعد ضیاء

انچارج پبلک ریلیشنز

فون:0322-2222220